10 جنوری 2017ء

مالی سال 17ء کی پہلی ششماہی میں بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے 9.4 ارب ڈالر کی ترسیلات بھیجیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں نے مالی سال 17ء کے پہلے چھ مہینوں (جولائی تا دسمبر) میں 9458.66 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں 9688.34 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

دسمبر 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1584.17 ملین ڈالر تھی جو کہ نومبر 2016ء اور دسمبر 2015ء کے مقابلے میں 1.2 فیصد کم ہے۔ بلحاظ ملک دسمبر 2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 475.75 ملین ڈالر، 339.93 ملین ڈالر، 182.17 ملین ڈالر، 181.85 ملین ڈالر، 203.63 ملین ڈالر، اور 35.08 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ دسمبر 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 501.99 ملین ڈالر، 339.53 ملین ڈالر، 208.05 ملین ڈالر، 190.57 ملین ڈالر، 209.50 ملین ڈالر اور 35.25 ملین ڈالر تھیں۔ دسمبر 2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 165.76 ملین ڈالر رہیں جبکہ دسمبر 2015ء میں ان ملکوں سے 131.24 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆